OFFICE OF THE ATTORNEY GENERAL
STATE OF ILLINOIS

115 S. LaSalle Street • Chicago, IL 60603
www.IllinoisAttorneyGeneral.gov

Kwame Raoul
ATTORNEY GENERAL

Civil Rights Hotline
1-877-581-3692

اپنے حقوق کے بارے میں جانیئے

الی نائے کے ہر باشندے کو ان کی شہریت یا امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر آئینی حقوق حاصل ہیں۔ قانون نافذ کرنے والوں افراد سے تعاون کرتے ہوئے آپ کو اپنے حقوق اور ذمہ داریاں سمجھنے میں معاونت کے لئے مندرجہ ذیل معلومات تخلیق کی گئی ہیں؛

آپ کے حقوق

اگر آپ کا سامنا کسی پولیس افسر یا امیگریشن ایجنٹ سے ہو تو:

- اگر آپ امریکی شہری نہیں ہیں اور آپ کے پاس امیگریشن کے کاغذات موجود ہیں تو امیگریشن ایجنٹ کی درخواست پر آپ کے لئے اپنے کاغذات دکھانا ضروری ہے۔
- آپ کو خاموش رہنے کا حق حاصل ہے اور آپ کے لئے کسی بھی سوال کا جواب دینا لازم نہیں ہے۔آپ پولیس افسر یا امیگریشن ایجنٹ کو بتا سکتے ہیں کہ آپ خاموش رہنا چاہتے/چاہتی ہیں۔
- اگر پولیس افسر یا امیگریشن ایجنٹ آپ کی، آپ کے سامان، آپ کی کار یا آپ کے گھر کی تلاشی لینے کے لئے کہے تو آپ تلاشی دینے سے انکار کر سکتے/سکتی ہیں۔
- اگر افسر یا ایجنٹ کو یقین ہو کہ آپ کے پاس ہتھیار موجود ہے تو وہ آپ کو سر سے پاؤں تک ٹٹول سکتے ہیں۔

اگر پولیس افسران یا امیگریشن ایجنٹ آپ کے گھر آئیں تو:

- اگر پولیس افسران یا امیگریشن ایجنٹ آپ کے گھر آئیں اور ان کے پاس وارنٹ نہ ہو تو آپ کے لئے دروازہ کھولنا ضروری نہیں ہے۔
- اگر آپ کو افسر کے امیگریشن ایجنٹ ہونے کے بارے میں شک ہو تو آپ ان سے پوچھ سکتے /سکتی ہیں کہ وہ کس ایجنسی کی نمائندگی کرتے ہیں اور بالخصوص یہ کہ کیا وہ آئی سی ای کے امیگریشن ایجنٹ ہیں۔
- آپ افسران یا ایجنٹ سے پوچھ سکتے ہیں کہ وہ وہاں کیوں آئے ہیں۔
- اگر وہ آپ کی زبان نہیں بولتے تو آپ مترجم کا مطالبہ کر سکتے /سکتی ہیں۔
- اگر افسران یا ایجنٹ کہیں کہ ان کے پاس وارنٹ ہے تو آپ انہیں اندر داخل ہونے کی اجازت دینے سے قبل وارنٹ دیکھنے کا مطالبہ کر سکتے ہیں۔
- اگر وارنٹ جج کے دستخط کے ساتھ کسی عدالت کی طرف سے جاری کیا گیا ہو تو افسران آپ کے گھر میں داخل ہو سکتے ہیں۔ اگر دستاویز پر کسی جج کے دستخط نہ ہوں تو آپ کے لئے انہیں داخلے کی اجازت دینا ضروری نہیں ہے۔ آپ کہہ سکتے /سکتی ہیں کہ "آپ کو اندر داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے"۔
- اگر افسران یا ایجنٹ آپ کے گھر کے اندر زبردستی داخل ہونے کی کوشش کریں تو مزاحمت نہ کریں۔ آپ انہیں کہہ سکتے /سکتی ہیں کہ:" آپ کو اندر داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے، میں تلاشی لینے کی اجازت نہیں دیتا/دیتی۔ میں خاموش رہنا چاہتا/چاہتی ہوں۔ میں جلد از جلد کسی وکیل سے بات کرنا چاہتا/ چاہتی ہوں۔"

اگر آپ کو گرفتار کیا جائے تو:

- گرفتاری کے خلاف مزاحمت کی کوشش نہ کریں۔
- آپ کو کسی وکیل سے بات کرنے کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔
- آپ کو مترجم کی درخواست کرنے کا حق حاصل ہے۔
- یاد رکھیں، آپ کے لئے کسی وکیل سے بات کرنے سے قبل کچھ کہنا یا کسی سوال کا جواب دینا لازم نہیں ہے۔

آپ کو اپنے کیس کے بارے میں کوئی فیصلہ کرنے یا کسی دستاویز پر دستخط کرنے سے قبل کسی امیگریشن وکیل سے مشورہ کرنے کا حق حاصل ہے۔ مکمل طور پر سمجھے بغیر کوئی آپ کو حتمی فیصلہ کرنے یا کسی دستاویز پر دستخط کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔

اہم یاد دہانیاں

- کارآمد شناختی دستاویزات ہمہ وقت اپنے پاس رکھیں۔ اگر آپ کے پاس امیگریشن کی دستاویزات موجود ہیں تو اپنے امیگریشن کے کارآمد کاغذات اور کام کا اجازت نامہ ہر وقت اپنے پاس رکھیں۔
- اپنا اے نمبر زبانی یاد کر لیں۔
- اپنے پاس نقلی یا جعلی دستاویزات نہ رکھیں اور کبھی بھی پولیس افسر یا امیگریشن ایجنٹ کو نقلی یا جعلی دستاویزات فراہم نہ کریں۔
- غیر مقامی افراد کے عارضی ڈرائیونگ لائسنس (ٹیمپوریری وزٹرز ڈرائیونگ لائسنس (ٹی وی ڈی ایل)) صرف اس صورت میں دکھائیں جب اس بات کی یقین دہانی کے لئے طلب کیا جائے کہ آیا آپ کو کار چلانے کے لئے مطلوبہ اجازت حاصل ہے۔ ٹی وی ڈی ایل کو شناخت کی غرض سے استعمال نہیں کیا جا سکتا۔
- اگر پولیس افسران یا امیگریشن ایجنٹ سے آپ کا سامنا ہو اور آپ کو محسوس ہو کہ آپ کے حقوق کی خلاف ورزی ہوئی ہے اور آپ شکایت درج کروانا چاہتے ہوں تو اس ملاقات کے بارے میں زیادہ سے زیادہ معلومات تحریر کریں۔

بے ایمان امیگریشن سروس فراہم کرنے والوں سے ہوشیار رہیں۔

- امیگریشن سروس مہیا کرنے والے وکیل نہیں ہیں اور قانونی مشورہ فراہم نہیں کر سکتے۔ مزید معلومات کے لئے وزٹ کریں:https://illinoisattorneygeneral.gov/Rights-of-the-People/civil-rights/Immigration

اضافی وسائل

نیشنل امیگرینٹ جسٹس سنٹر:

http://www.immigrantjustice.org/know-your-rights-manuals-detained-immigrants

امیرکن سول لبرٹیز یونین:

https://www.aclu.org/know-your-rights

اٹارنی جنرل کا سول رائٹس بیوروالی نائے کے تمام رہائشیوں کے شہری حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔

اٹارنی جنرل کا دفتر، رابطہ کرنے والے افراد سے امیگریشن یا شہریت کی حیثیت سے متعلق معلومات فراہم کرنے کی درخواست نہیں کرتا۔

امتیازی سلوک یا ایذا رسانی کے واقعات کی اطلاع دینے کے لئے اٹارنی جنرل کی سول رائٹس ہاٹ لائن

1-877-581-3692.234 پر فون کریں۔